ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((508

مورخہ 21.10.25

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں14ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیاجارہاہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد الجدید، مسافر خانہ، سٹی یزمان اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 220لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ کینٹ، بغداد الجدید، صدر بہاولپور، سٹی یزمان، ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 06ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 06 کلو460 گرام چرس اور 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائنز اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے02عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہاہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھاجائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ آپریشن ،متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (509)

21.10.25

**بہاول پور (             )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے ون یونٹ سٹاف کالونی گراؤنڈ علاقہ تھانہ بغدادالجدید میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنااور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنااور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ون یونٹ سٹاف کالونی گراؤنڈ علاقہ تھانہ بغدادالجدید میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل، ایس ایچ او تھانہ بغدادالجدید ودیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنااور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انقعاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کران کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنااور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اوران کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہورہاہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال ون یونٹ سٹاف کالونی گراؤنڈ علاقہ تھانہ بغدادالجدید میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں